اردو (لازمی)

L.K.NO.103

(SSC-A-2019)

SSC (Part - II)

Session (2015 - 17), (2016 - 18) & (2017 - 19)

Bwp-G1-10-19

پرچہ : II (معروضی طرز) | گروپ فرسٹ

وقت : 20 منٹ | نیو کورس

نمبرات : 15

B

**نوٹ :** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C ، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر 1**

(1) مرزا محمد سعید کی کتاب " مذہب اور باطنیت " کس شہر سے شائع ہوئی :
(A) علی گڑھ (B) لاہور (C) دہلی (D) کراچی

(2) مسلم لیگ کس نے قائم کی :
(A) سرسید احمد خان (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ (D) نواب وقار الملک

(3) مصنف کے دوست شاکر خان کس موضع کے رئیس تھے :
(A) سلیم پور (B) جے پور (C) شاہ پور (D) دُنیا پور

(4) علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی :
(A) جھنگ (B) لاہور (C) شیخوپورہ (D) لائل پور

(5) مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے :
(A) دہلی میں (B) علی گڑھ میں (C) آگرہ میں (D) سکندر آباد میں

(6) نظم " بہادر بچے " کے شاعر کا نام ہے :
(A) حسرت موہانی (B) ناصر بشیر (C) ادا جعفری (D) علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ

(7) مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اُٹھایا :
(A) پانچ سال (B) سات سال (C) آٹھ سال (D) نو سال

(8) شاعر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے فاطمہ کو حور کہا ہے :
(A) ارضی (B) آسمانی (C) صحرائی (D) جنت

(9) شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے :
(A) ٹوکری (B) پھلواری (C) دلکش کھیتی (D) نگری

(10) دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے :
(A) کج ادا سے (B) دلربا سے (C) خوش ادا سے (D) مل کے بھی جو نہیں ملتا

(11) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے :
(A) تَعَاوُنْ (B) تَعَاوَنْ (C) تِعَاوُنْ (D) تُعَاوُنْ

(12) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے :
(A) مُسَافِرْ (B) مُسَافَرْ (C) مَسَافَرْ (D) مُسَافُرْ

(13) " رُستمِ زماں " قواعد کی رُو سے ہے :
(A) لقب (B) تخلص (C) کُنیت (D) خطاب

(14) بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی قسمیں ہیں :
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

(15) وہ اسم جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے :
(A) اسم مصدر (B) اسم جامد (C) اسم مشتق (D) اسم معاوضہ

---------☆☆☆☆☆---------

Bwp-G1-10-19

| | | | |
|---|---|---|---|
| رول نمبر | 103 - 49000 | سیشن (2015 - 17) ,(2016 - 18) & (2017 - 19) | SSC ( Part - II ) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2019 | وقت 2 : 10 گھنٹے کل نمبر : 60 | نیوکورس / گروپ فرسٹ |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

B **حصہ اول**

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

**حصہ نظم** (10)=2x5

(الف) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے
محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ب) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے !
ذرّہ ذرّہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(ج) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(د) میاں شُتر نئی گاڑی لئے سفر کو چلے
مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

**حصہ غزل**

(الف) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

(ب) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(ج) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دل ، اُسی سے ملتا ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کریں۔ (10) = 5+5

(الف) امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے ، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی اُن کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ میں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں ، جو کوئی کھالے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اُگل دے گا۔

(ب) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں : جوش ایمانی ، حق گوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے کراں محبت و عقیدت۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے میزبان رہے ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو ہر شخص چاہتا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قیام اس کے یہاں ہو ، لیکن کارکنان قضاوقدر نے اس شرف کے لئے جس گھر کو دیکھا وہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا کاشانہ تھا۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (10)=2x5

(i) مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجئے۔
(ii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iii) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟
(iv) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
(v) ادا جعفری کے مطابق دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟
(vi) تازہ انجم کے ظہور کا مفہوم واضح کیجئے۔
(vii) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟
(viii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (الف) نظریہ پاکستان (ب) نام دیو مالی (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (الف) قائداعظم محمد علی جناح (ب) عیدین (ج) شہری زندگی کے مسائل (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے ، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا ، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا۔ پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں ، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
(iii) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟
(iv) اسلام میں ترکی کے مسلمان ، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیں۔

---------☆☆☆☆☆---------

L.R.No. 104

اُردو (لازمی)

Bwp-G2-10-19

| | | |
|---|---|---|
| پرچہ : II (معروضی طرز) | گروپ سیکنڈ | (SSC-A-2019) |
| وقت : 20 منٹ | نیوکورس | SSC (Part - II ) |
| نمبرات : 15 | | Session ( 2015 - 17 ) , (2016 - 18) & ( 2017 - 19 ) |

B

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1

(1) محمودنظامی کے مقالے کے بعد مرزامحمد سعید پر کس نے تنقید کی :
(A) ڈاکٹر تاثیر (B) پطرس بخاری (C) فیض احمد فیض (D) حمید احمد خان

(2) سیدانی بی کو کھانے میں کیا مرغوب تھا : (A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) بریانی (D) کھیر

(3) لڑکی نے ریل کا سفر کرنے کے لئے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا : (A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) انٹر کلاس (D) تھرڈ کلاس

(4) قدرت اللہ شہاب کس ضلع کے ڈپٹی کمشنر رہے : (A) لائل پور (B) شیخوپورہ (C) جھنگ (D) لاہور

(5) استنبول شہر ہے : (A) سعودی عرب کا (B) ترکی کا (C) ایران کا (D) عراق کا

(6) مرزاغالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آنا تھا : (A) کلکتہ (B) سکندرآباد (C) کول (D) آگرہ

(7) بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے : (A) میزائل کی طاقت سے (B) انسانی طاقت سے (C) روپے کی طاقت سے (D) علم کی طاقت سے

(8) کس شاعر کو " مزدور شاعر " کہا جاتا ہے : (A) حبیب جالب (B) نظیر اکبرآبادی (C) الطاف حسین حالی (D) احسان دانش

(9) نظم " میدان کربلا میں گرمی کی شدت " صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے : (A) آزاد نظم (B) قصیدہ (C) شہرآشوب (D) مرثیہ

(10) اُردو میں " قیدآزادی " کہا گیا ہے :
(A) قید بامشقت کو (B) شادی خانہ آبادی کو (C) جرم کی سزا کو (D) آزادی کے خاتمے کو

(11) لفظ " تلاوت " کا درست تلفظ ہے : (A) تِلَاوَت (B) تِلَاوُت (C) تَلَاوَت (D) تَلَاوِت

(12) لفظ " جلوس " کا درست تلفظ ہے : (A) جُلُوس (B) جَلُوس (C) جِلُوس (D) جَلَوس

(13) " مٹھو " قواعد کی رُو سے ہے : (A) خطاب (B) لقب (C) کُنیت (D) عرف

(14) " چٹان " قواعد کی رُو سے ہے : (A) اسم جامد (B) اسم ظرف زماں (C) اسم آلہ (D) اسم صوت

(15) ماضی مطلق کے آخر میں " ہوگا " لگادینے سے بن جاتا ہے : (A) ماضی بعید (B) ماضی تمنائی (C) ماضی شکیہ (D) ماضی استمراری

---------☆☆☆☆☆---------

Bwp-G2-10-19

| رول نمبر | 104 - 44000 | سیشن (2015 - 17) ,(2016 - 18 ) & (2017 - 19) | SSC ( Part - II ) |
|---|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2019 | وقت 10 : 2 گھنٹے کل نمبر : 60 | نیوکورس / گروپ سیکنڈ |

B **حصہ اول**

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** (10)=2x5

(الف) اُصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا — وہ محبوبِ ﷺ پروردگار آ گیا ہے

(ب) جن کی تابانی میں انداز کُہن بھی ، نو بھی ہے — اور تیرے کوکب تقدیر کا پرتَو بھی ہے

(ج) مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری — رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری

(د) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے — کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

**حصہ غزل**

(الف) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

(ب) یہ وہ راستا ہے دیار وفا کا — جہاں باد صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(ج) کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کریں۔ (10) = 5+5

(الف) 1885ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو اُن کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتا چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو اُن کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہو گئے۔ نیز انہوں نے مسلمانوں کی مشترکہ زبان اُردو کے مقابلے میں ہندی کو قائم کر دیا۔

(ب) وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اُٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ یہ وہ وقت تھا کہ قحط نے لوگوں کے اوسان خطا کر رکھے تھے اور انہیں پینے کو پانی مشکل سے میسر آتا تھا ، مگر یہ خدا کا بندہ کہیں نہ کہیں سے لے ہی آتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلت اور بڑھی تو اس نے راتوں کو بھی پانی ڈھو ڈھو کے لانا شروع کیا۔ پانی کیا تھا ، یوں سمجھیے کہ آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آبِ حیات تھا۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (10)=2x5

(i) شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟
(ii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟
(iii) مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟
(iv) شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟
(v) مال گودام روڈ پر گھوڑوں پر کیا بیتی ؟ تحریر کیجیے۔
(vi) مرزا محمد سعید کس لئے لکھتے تھے؟
(vii) شاعر (حسرت موہانی) منزل مقصود پر پہنچنے کے لئے پر اُمید ہے کیوں ؟
(viii) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو کیسے اور کہاں دفن کیا گیا؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (الف) وقت کی پابندی (ب) تحریک پاکستان (ج) یوم آزادی (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے ، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لئے سامان ہو رہا ہے۔

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
(ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
(iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔